Consumer and Worker Protection

NYC چھوٹا کاروبار
سپورٹ سینٹر
90-27 Sutphin Blvd, 4th Floor
Jamaica, NY 11435

صرف اپائنٹمنٹ کے ذریعہ ذیل کے اوقات میں:

منگل، جمعرات: 8 بجے صبح تا 4 بجے شام
آخری اپائنٹمنٹ: سہ پہر 3:30 بجے

محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ
(DEPARTMENT OF CONSUMER AND WORKER PROTECTION, DCWP)
42 Broadway, Lobby
New York, NY 10004

صرف اپائنٹمنٹ کے ذریعہ ذیل کے اوقات میں:

پیر- جمعرات: 8 بجے صبح تا 4 بجے شام
آخری اپائنٹمنٹ: سہ پہر 3:30 بجے

COVID-19 الرٹ

صحت اور سلامتی کی وجوہات کی بناء پر، DCWP لائسنسنگ سینٹر اور NYC چھوٹے کاروبار کا سپورٹ سینٹر واک انز کی خدمت پیش نہیں کر سکتا، لیکن آپ ذاتی طور پر لائسنس کی اپنی درخواست جمع کرانے کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈیول کر سکتے ہیں۔ **درخواست جمع کرانے کے طریقے** کا سیکشن دیکھیں۔

نوٹ: چونکہ ذاتی طور پر پیش کی جانے والی سروس محدود ہے، لہذا ہم آپ کو ہماری آن لائن سروس استعمال کرنے کی ترغیب دیتے ہیں جو 7/24 درج ذیل ویب سائٹ پر دستیاب ہے: **nyc.gov/BusinessToolbox**۔

سیروسیاحت کے گائیڈ کے لائسنس کی درخواست کی چیک لسٹ

سیروسیاحت کے گائیڈ کا لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے؟

کسی بھی جگہ یا عوامی دلچسپی کے مقام کی طرف لوگوں کو گائیڈ کرنے یا رہنمائی کرنے کے لیے یا شہر کے اندر کسی بھی سیاحت کے سفر یا ٹور کے سلسلے میں کسی بھی شخص کو عوامی دلچسپی کے مقام کے بارے میں بتانے، وضاحت کرنے، یا لیکچر دینے کے لیے آپ کے پاس سیروسیاحت کے گائیڈ کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔

سیروسیاحت کے گائیڈ کی درخواست دینے والوں کی عمر لازمی طور پر کم از کم 18 سال ہونی چاہئے۔

یہ وضاحت صرف اس بات کی ایک عام وضاحت ہے کہ سیروسیاحت کے گائیڈ کا لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے۔

سیروسیاحت کے گائیڈ کے لائسنس کے لیے درخواست دینے کے تقاضوں کی فوری فہرست

تفصیلی وضاحتوں کے لیے لوازمات کا سیکشن دیکھیں۔ تمام لوازمات فراہم کرنے کو یقینی بنائیں؛ بصورت دیگر، آپ کی درخواست نامکمل ہے۔ DCWP لائسنس کے اجراء کے لیے صرف مکمل کردہ درخواستوں پر ہی غور کر سکتا ہے۔

- ☐ بنیادی انفرادی لائسنس کی درخواست
- ☐ لائسنس کی درخواست دینے والے شخص کی تصویری شناخت (ID)
- ☐ لائسنس کی درخواست دینے والے شخص کی پاسپورٹ سائز کی ایک حالیہ رنگین تصویر
- ☐ سیروسیاحت کے گائیڈ کا امتحان اور $50 امتحان کی فیس
- ☐ توثیق کرنے کا اختیار دینا *(اگر قابل اطلاق ہو)*
- ☐ لائسنس کی فیس

اپنی درخواست جمع کرانے کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کا لائسنس خود بخود منظور ہو جائے گا۔

2021/12/3 کو اپ ڈیٹ کیا گیا

اضافی سٹی یا ریاستی پرمٹس/لائسنسز/کلیئرنسز جن کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے:

کسی بھی کاروبار کے لیے ایسی گاڑی چلانے کے لیے جس میں آٹھ یا اس سے زیادہ ادائیگی کرنے والے مسافروں کو دلچسپی کے یا تفریحی مقامات پر یا نیو یارک سٹی کے اندر کسی شروعاتی مقام سے کسی مخصوص سفر یا مخصوص ٹور کے لیے لے جایا جا سکتا ہو DCWP *سیروسیاحت کی بس* کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔

اس کا مطلب مکمل فہرست نہیں ہے۔ اضافی وسائل کا سیکشن دیکھیں۔

درخواست جمع کرانے کا طریقہ

صرف لیپ ٹاپ یا ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر کا استعمال کر کے اپنی درخواست آن لائن جمع کرانے کے لیے www.nyc.gov/BusinessToolbox پر جائیں۔

یا

DCWP لائسنسنگ سنٹر یا NYC چھوٹا کاروبار سپورٹ سنٹر (پتے صفحہ 1 پر درج ہیں) میں ذاتی طور پر جمع کرانے کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈیول کریں۔

بذریعہ ای میل: LicensingAppointments@dca.nyc.gov
بذریعہ فون*: 436-0441 (212) پر کال کریں۔ (پیر تا جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک)

*یہ نمبر صرف ذاتی طور پر پیش کی جانے والی سروس کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈیول کرنے کے واسطے ہے۔ عام سوالات کے لئے، onlineappsdocs@dca.nyc.gov پر ای میل کریں۔

مفت ترجمانی کی خدمات سائٹ پر دستیاب ہیں۔ معذوری سے متعلق رہائش کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم DCWP کی معذور امریکیوں کی ایکٹ (Americans with Disabilities Act, ADA) کے کوآرڈینیٹر کو **humancapital@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں یا **nyc.gov/dcwp** ملاحظہ کریں اور "رہائشیں" تلاش کریں۔

لوازمات

اگر آپ یہ مطلوبہ دستاویزات اور معلومات جمع نہیں کراتے ہیں تو DCWP آپ کی درخواست مسترد کر دے گا:

- **بنیادی انفرادی لائسنس کی درخواست** (منسلک)۔
- **لائسنس کی درخواست دینے والے شخص کی تصویری شناخت (ID)۔**

  ID کی قابل قبول شکلوں میں شامل ہیں:

  - ڈرائیونگ لائسنس یا کسی بھی امریکی ریاست کے ذریعہ جاری کردہ ڈرائیونگ لائسنس کے علاوہ شناخت کا کوئی اور ثبوت۔
  - حکومت کی ایجنسی کے ذریعہ جاری کردہ لائسنس یا پرمٹ
  - پاسپورٹ
  - ایلین کارڈ/گرین کارڈ
  - سٹی کا، ریاستی، یا وفاقی ملازم کا ID کارڈ
  - میونسپل کا ID کارڈ

- **لائسنس کی درخواست دینے والے شخص کی پاسپورٹ سائز کی ایک حالیہ رنگین تصویر۔**

ذاتی طور پر: DCWP لائسنس کی درخواست دینے والوں کی DCWP لائسنسنگ سنٹر میں مفت میں فوٹوگرافی کرے گا (پتہ صفحہ 1 پر درج ہے)۔ درخواست دہندگان پاسپورٹ سائز کی حالیہ رنگین تصویر بھی جمع کر سکتے ہیں۔

آن لائن: لائسنس کی درخواست دینے والے ڈیجیٹل پاسپورٹ کی تصویر کے معیار کی ایک تصویری فائل اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ 1 میگا پکسل کی ریزولوشن والا ڈیجیٹل کیمرا کافی ہے۔

- **سیروسیاحت کے گائیڈ کا امتحان اور $50 امتحان کی فیس ہے۔**

ان درخواست دہندگان کے لئے جنہوں نے مارچ 2018 سے سیروسیاحت کے گائیڈ کا امتحان پاس نہیں کیا ہے:

آپ کو DCWP لائسنسنگ سنٹر میں صبح 8 بجے سے دوپہر 1 بجے کے درمیان سیروسیاحت کے گائیڈ کا امتحان دینے کیلئے اپائنٹمنٹ شیڈیول ضرور کرنا ہوگا۔ امتحان 150 سوالات پر مشتمل ہے۔ پاس ہونے کے لیے آپ کو کم سے کم 97 سوالوں کا صحیح جواب دینا ہوگا۔ $50 امتحان کی فیس لائسنس کی فیس سے الگ ہے اور ناقابل واپسی ہے۔ اگر آپ دو بار امتحان میں ناکام ہو جاتے ہیں تو، امتحان دوبارہ دینے کے لیے آپ کو دوبارہ امتحان کی فیس ادا کرنی ہوگی۔

امتحان کی تیاری میں آپ کی مدد کے لیے **مطالعہ کے لیے مواد** nyc.gov/BusinessToolbox پر دستیاب ہے۔

- **تصدیق کرنے کا اختیار دینا** (منسلک)۔
مطلوب ہے اگر لائسنس کی درخواست دینے والے کے علاوہ کوئی دوسرا شخص اس درخواست کو تیار اور جمع کرائے گا۔

نوٹ: درخواست دہندہ کو لائسنس کی درخواست اور تمام متعلقہ فارموں پر دستخط کرنا ہوں گے۔

- **لائسنس کی فیس۔**
اگلا صفحہ دیکھیں۔

لائسنس کی مدت: 2 سال	میعاد ختم ہونے کی تاریخ: 31 مارچ طاق سال	لائسنس کی فیس:	
اگر آپ ان تاریخوں کے درمیان اپنی درخواست جمع کراتے ہیں:	**اختیار 1**	**اختیار 2**	
جفت سال میں 1 اپریل سے جفت سال میں 30 ستمبر تک	اگلے جفت سال کے 31 مارچ کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$50** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 24 ماہ تک درست ہے۔)*		
جفت سال میں 1 اکتوبر سے طاق سال میں 31 مارچ تک	سب سے جلد آنے والے جفت سال کے 31 مارچ کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$38** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 18 ماہ تک درست ہے۔)*		
طاق سال میں 1 اپریل سے طاق سال میں 30 ستمبر تک	سب سے جلد آنے والے جفت سال کے 31 مارچ کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$25** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 12 ماہ تک درست ہے۔)*		
طاق سال میں 1 اکتوبر سے جفت سال میں 31 مارچ تک	سب سے جلد آنے والے جفت سال کے یا اسی سال کے 31 مارچ کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$13** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک درست ہے۔)*	اگلے جفت سال کے 31 مارچ کو میعاد ختم ہونے والے لائسنس کے لیے **$63** ادا کریں۔ *(زیادہ سے زیادہ 30 ماہ تک درست ہے۔)*	

ادا کریں بذریعہ:

- DCWP کو قابل ادائیگی چیک یا منی آرڈر۔ (ذاتی طور پر)
- کریڈٹ کارڈ (صرف Visa, MasterCard, American Express, Discover Card)۔ آپ سے سہولت کی ناقابل واپسی فیس وصول کی جائے گی۔ *(ذاتی طور پر یا آن لائن)*

سیروسیاحت کے گائیڈ کے لیے اضافی وسائل

- جن قواعد و ضوابط سے آپ کا کاروبار متاثر ہو سکتا ہے ان کے لیے، **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- **معائنہ کی چیک لسٹ** کے لیے: **سیروسیاحت کی بس** کے لیے، **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- آپ کے کاروبار کو کھولنے، چلانے اور ترقی دینے میں مددگار ثابت ہونے والے وسائل کے لیے، **nyc.gov/business** ملاحظہ کریں۔